Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu : IV Semester Examination May - 2019

Paper : MAUR403CCT : Mutaliaat-e-Maulana Azad

پرچہ : مطالعاتِ مولانا آزاد

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو**(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے**10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) مولانا ابوالکلام آزاد کا تخلص کیا تھا؟

(a) آزاد (b) فیروز بخت (c) احمد (d) محی الدین

(ii) مولانا ابوالکلام آزاد کا یوم وفات کیا ہے؟

(a) 21 فروری 1958 (b) 22 فروری 1958 (c) 23 فروری 1958 (d) 24 فروری 1958

(iii) غبار خاطر میں کل کتنے خطوط شامل ہیں؟

(a) 27 (b) 26 (c) 25 (d) 24

(iv) الجامعہ کس زبان میں شائع ہوتا تھا؟

(a) فارسی (b) اردو (c) عربی (d) ترکی

(v) تحریکِ خلافت کا دور کب سے کب تک رہا؟

(a) 1916 تا 1921 (b) 1917 تا 1922 (c) 1918 تا 1923 (d) 1919 تا 1924

(vi) درج ذیل شعر کو مولانا ابوالکلام آزاد نے اپنے کس خط میں استعمال کیا ہے؟

'اُگ رہا ہے در و دیوار سے سبزہ غالب
ہم بیاباں میں ہیں اور گھر میں بہار آئی ہے

(a) مکتوبِ سرینگر (b) مکتوبِ نسیم باغ (c) مکتوبِ سفر (d) چڑیا چڑے کی کہانی

(vii) ذیل میں سے کون 1939 سے 1946 تک کانگریس کے صدر تھے؟

(a) پنڈت جواہر لعل نہرو (b) گاندھی جی (c) ابوالکلام آزاد (d) سبھاش چندر بوس

(viii) ذیل میں سے کس نے تقسیم ہند کو آخری لمحے تک قبول نہیں کیا تھا؟

(a) محمد علی جناح (b) ابوالکلام آزاد (c) گاندھی جی (d) جواہر لعل نہرو

(ix) مولانا آزاد کے دادا کا کیا نام تھا؟

(a) منورالدین (b) محمد ہادی (c) خیرالدین (d) شیخ جمال الدین

(x) ذیل میں سے کون مولانا آزاد کے نصب العین کے اظہار کا بہترین ذریعہ تھا؟

(a) پیام (b) اقدام (c) پیغام (d) الہلال

حصہ دوم

2۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی ساخت و پرداخت میں کارفرما عوامل پر روشنی ڈالیے۔

3۔ قولِ فیصل کی نوعیت و ماہیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

4۔ مولانا آزاد کے خاندان کا تعارف کرائیے۔

5۔ مولانا آزاد کے اسلوبِ نگارش کے نمایاں پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔

6۔ خلافتِ تحریک میں مولانا آزاد کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

7۔ تحریکِ آزادی میں مولانا آزاد کے رول کو واضح کیجیے۔

8۔ اردو صحافت کے معیار کو بہتر کرنے میں مولانا آزاد کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

9۔ مولانا آزاد کے ذہنی بحران کے اسباب کو اجاگر کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ غبارِ خاطر خطوط کا مجموعہ ہے یا انشائیے کا مجموعہ ہے۔ مدلل بحث کیجیے۔

11۔ مولانا آزاد کے تصور تعلیم پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

12۔ تقسیم ہند سے متعلق مولانا آزاد کی تشویشات کے اسباب پر روشنی ڈالیے۔

13۔ مولانا آزاد کے فکری نظام پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

14۔ تحریک آزادی اور اردو صحافت میں الہلال کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆